© rasailojaraid.com



ایک زبان کے خیالات کو دوسری زبان میں ہو بہو منتقل کرنا آسان کام نہیں ہے۔ زیر نظر کتاب کے مترجم کو بھی اس کا احساس ہے۔ اسی لیے انھوں نے دیباچے میں اس مشکل کا تذکرہ کر دیا ہے اور اسی لیے قرآنی آیات کا ترجمہ انھوں نے علامہ محمد اسد کے انگریزی ترجمہ قرآن سے لیا ہے۔ زبان و بیان اور اسلوب کے لحاظ سے یہ ترجمہ قابل قبول ہے۔ بظاہر کہیں جھول محسوس نہیں ہوتا۔ مصنف کے خیالات کو ان کی روح سمیت انگریزی میں منتقل کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاہم کہیں کہیں مترجم بے بس نظر آتا ہے اور وہ اردو اور عربی الفاظ کو حواشی میں بغیر وضاحت کے درج کر دیتا ہے۔ چند مقامات پر مترجم نے اردو پیراگراف ختم کر دیے ہیں، یہ درست نہیں ہے۔ بہرحال انگریزی دان حضرات، عوام و خواص، خصوصاً دینیات و سیاسیات سے دلچسپی رکھنے والے اس کتاب کو مفید پائیں گے۔ انگریزی اسلامی ادب میں یہ ایک اچھا اضافہ ہے۔ طباعت معیاری، کاغذ عمدہ اور سرورق دیدہ زیب ہے۔ (محمد ایوب منیر)

**بچوں کی لائبریری، کیوں اور کیسے؟** از پروفیسر مقصود احمد۔ ناشر: اسلامی نظامت تعلیم پاکستان، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۳۰۔ قیمت: درج نہیں۔

پروفیسر مقصود صاحب نے ۳۰ صفحات کے کوزے میں معلومات اور عملی رہنمائی کا دریا جمع کر دیا ہے۔ اسلامی نظامت تعلیم نے تعلیمی اداروں کے لیے نہایت مفید کتاب پیش کی ہے لیکن اس لطیفے کے ساتھ کہ مندرجات کے نمبر۹ سمعی و بصری معاونات کے بعد نمبر۱۰ "چند اہم کتب خانے"، متن میں (ص ۲۵) "بچوں کے کتب خانے" ہو جاتا ہے اور اس کے بعد کے مندرجات نمبر۱۱ جماعت وار کتب، نمبر۱۲ "بچوں کے رسائل" اور نمبر۱۳ "ناشران کتب" موجود نہیں ہیں۔ (غالباً اسی لیے مندرجات پر صفحات نمبر نہیں ہیں)۔ معلوم نہیں ناشر کو جلدی تھی یا مصنف کو؟ (مسلم سجاد)

**ابلیسی مغالطے**، محمد شریف قاضی۔ ناشر: فیروز سنز، لاہور۔ صفحات: ۱۳۵۔ قیمت: درج نہیں۔

**فریب ابلیس**، محمد شریف قاضی۔ ناشر: فیروز سنز، لاہور۔ صفحات: ۱۰۱۔ قیمت: درج نہیں۔

ابلیس انسان کا کھلا دشمن ہے۔ اس نے آدم کو نہ صرف جنت سے نکلوایا بلکہ اس کے زمین پر آباد ہونے کے بعد بھی اس کا پیچھا نہیں چھوڑا۔ وہ ہر طرف سے آدمی پر حملہ آور ہوتا ہے اور ہر حیلے بہانے اسے راہ حق سے بھٹکانے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے حربے اتنے مرموز اور زبردست ہوتے ہیں کہ ان سے بچنا عام طور پر آسان نہیں ہوتا۔ شیطان کے شر سے وہی لوگ محفوظ رہتے ہیں جو ہر حال میں اللہ سے ڈرتے اور اس کے احکام کی اطاعت کرتے ہیں۔ قرآن مجید نے شیطان کے حربوں کی نوعیت اور حقیقت کو کھول کر بیان کر دیا ہے لیکن عام لوگوں کو قرآن مجید کی تعلیمات سے آگاہ کرنے کے لیے ایسی تحریروں کی

© rasailojaraid.com